## سوال

(135)احناف کالقمہ دینے پرنماز کوباطل قراردینے کی کیا حقیقت ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مقتدیوں کے امام کولقمہ دینے پرکیا دلائل ہیں؟ اوراحناف کالقمہ دینے پرنماز کوباطل قراردینے کی کیا حقیقت ہے؟ اس مسئلہ کے مالہ وماعلیہ پرروشنی ڈال کرمشکورفرماویں اوراللہ تعالیٰ سے اجرکی امیدرکھیے۔ السائل : محقق جالندھری

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کے نسیان کے وقت، لقمہ دینا بلاکراہت جائز ہے، روی ابوداؤد بسندہ عَنْ يَحْيَى الْكَاهِلِيِّ، عَنِ الْمُسَوَّرِ بْنِ يَزِيدَ الْأَسَدِيِّ الْمَالِكِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -قَالَ يَحْيَى وَرُبَّمَا قَالَ : شَهِدْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - يَقْرَأُ فِي الصَّلَاةِ فَتَرَكَ شَيْئًا لَمْ يَقْرَأْهُ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ : يَا رَسُولَ اللَّهِ، تَرَكْتَ آيَةَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : «هَلَّا أَذْكَرْتَنِيهَا،، الحدیث (ثم روی) عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : " صَلَّى صَلَاةً، فَقَرَأَ فِيهَا فَلُبِسَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لِأُبَيٍّ : «أَصَلَّيْتَ مَعَنَا؟» قَالَ : نَعَمْ، قَالَ : «فَمَا مَنَعَكَ،، (ابوداؤد : کتاب الصلاۃ، باب الفتح علی الامام فی الصلاۃ (907)1/558) وصح عن علی أنہ قال : ''استطعمکم الامام فاطعموہ،، ذکرا لحافظ فی التلخیص وصحہ .(284/1)

حنفیہ کے نزدیک امام کولقمہ دینا مکروہ ہے دلیل میں ابوداؤد (کتاب الصلاۃ، باب النھی عن التلقین (908)1 559). کی یہ روایت ذکرکرتے ہیں : ''عن ابی اسحاق عن الحارث عن علی قال : قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا علی لا تفتح علی الإمام فی الصلاۃ،، لیکن اس حدیث سے استدلال صحیح نہیں۔

اولاً : یہ روایت منقطع ہے ''قال ابوداؤد : ابواسحاق لم یسمع من الحارث، إلا أربعۃ أحادیث لیس ہذا منھا،،

ثالثا : یہ حدیث بقاعدہ حنفیہ منسوخ ہے کیونکہ کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فتوی اس کے خلاف مروی ہے۔

کتبہ عبیداللہ الرحمانی المبارکفوری المدرس بالمدرسۃ الرحمانیہ دارالحدیث بدہلی

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

**جلد نمبر 1**

**صفحہ نمبر 231**

محدث فتویٰ